ذبحِ عظیم

(مجموعہ نوحہ جات)

۲۳ پارہ (سورہ الصفت) رکوع نمبر ۷

۳۵ پروردگار مجھے ایک نیکو کار (فرزند) عنایت فرما تو ہم نے انکو بڑے
۳۷ دل لڑکے (کے پیدا ہونے) کی خوشخبری دی پھر جب اسمٰعیل اپنے
۳۸ دوڑ دھوپ کرنے لگا تو ایک دفعہ ابراہیم نے کہا بیٹا میں وحی کے ذریعہ
۳۹ ہوں کہ میں خود تمھیں ذبح کر رہا ہوں تو تم بھی غور کرو تمھاری اس میں کیا رائے
۴۰ ہے. اسمٰعیل نے کہا اباجان جو آپ کو حکم ہوا ہے اس کو بے تامل کیجئے اگر خدا نے
چاہا تو مجھے آپ صبر کرنے والوں میں سے پائیے گا. پھر جب دونوں نے یہ ٹھان لی
اور باپ نے بیٹے کو (ذبح کے لئے) ماتھے کے بل لٹا دیا اور ہم نے (آمادہ دیکھ
کر) آواز دی اے ابراہیم تم نے اپنے خواب کو خوب سچ کر دکھایا (اب تم دونوں کو
بڑے مرتبے ملیں گے) ہر نیکی کرنے والوں کو یوں جزائے خیر دیتے ہیں. اس
میں شک نہیں کہ یہ یقینی بڑا (سخت اور) صریحی امتحان تھا اور ہم نے اسمٰعیل کا
فدیہ ایک 'ذبحِ عظیم' (بڑی قربانی) قرار دیا اور ہم نے ان کا اچھا چرچا بعد کو
آنے والوں میں باقی رکھا.

منجانب: علم کمیٹی حسینی باغ نمبر ۲ (میوہ شاہ) کراچی

سے سالانہ ... پروگرام

نوحے

اپنے بچوں کیلئے اکیلا ہی مکمل بنائی
سید نذر عباس
23.5.2004

کر چکے ہیں. الحمدُ اللہ

الحمدُ اللہ نذرِ مولا کا بھی انتظام کیا جاتا ہے.

فہرست

صفحہ نمبر	
۱	پیغام (صدر علم کمیٹی)
۲	علم کمیٹی کے ممبران
۳	...دت شہادت
۴	...بنی ہاشم
۵	(۷۲) شہداء کے اسمائے گرامی
۱۰	...د امام حسینؑ
۱۱	...ت امام حسینؑ
۱۲	خط امام حسینؑ
۱۳	نعتِ رسول مقبولؐ
۱۵	وارث الانبیاء السلام علیک (سلام)
۱۷	خون ہم بہاتے ہیں (منقبت)

(حضرت علی ابنِ ابو طالب علیہ السلام)

نمبر	نوحہ	صفحہ نمبر
۱	آغاز ہو رہا ہے کربل کی کہانی کا۔	۱۸
۲	جانشینِ مصطفےٰ سجدے میں ہے مارا گیا۔	۱۹
۳	حیدر کا مسلماں نے جو خون بہایا ہے۔	۲۰
۴	شاہِ نجف دے سر تے خنجر شقی چلایا۔	۲۲
۵	وین کرے کلثوم تے زینبؑ بابے نوں گل لا کے۔	۲۳
۶	کلِ ایمان کی شہادت سے ہے کعبہ ویراں۔	۲۴
۷	بے درد مسلماں تو خوشیاں منا رہے ہیں۔	۲۶
۸	توقیر ہو رہی ہے اولادِ مصطفےٰ کی۔	۲۷
۹	یہ بات رُلاتی ہے رُقیہ کو سفر میں۔	۲۸
۱۰	گلشن آلِ پیمبر خزاں آنے کو ہے۔	۲۹
۱۱	محراب تلے حیدر زخمی ہوئے پائے	۳۱
۱۲	زینبؑ آکھے رو رو کے نہ چھڈ کے بابل جاء	۳۳
۱۳	حسنینؑ پہ یتیمی پردیس میں ہے آئی	۳۴
	(جناب فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا)	
۱۴	جھٹلائی گئی فاطمہ زہرہ کی گواہی۔	۳۵
۱۵	سب مل کے عزادارو زہرا کی دُعا لو۔	۳۷
۱۶	بتلاؤ مسلمانو خاتون قیامت کو	۳۸
۱۷	اے شاہِ انبیاء یہ مسلمان نے کیا کیا	۳۹
۱۸	زہرہ بھرے دربار میں روتی رہی کھڑی	۴۰
	(حضرت امام حسن مُجتبیٰ علیہ السلام)	
۱۹	سبطِ نبی پہ کیسا یہ آخری سفر ہے۔	۴۱
۲۰	میرے ویر دی میت تے تیراں دیاں چھاواں۔	۴۲
۲۱	اٹھا کوئی جنازہ پھر فاطمہ کے گھر سے۔	۴۳
۲۲	پیکاں برس رہے ہیں تابوت پر حسن کے۔	۴۴
۲۳	نکلا تھا جنازہ جو گھر لوٹ کے آیا ہے۔	۴۶
۲۴	تابوتِ حسن پر کیوں تیروں کا سایہ ہے	۴۷
۲۵	لاشہ جب سبط پیمبر کا اٹھایا ہوگا۔	۴۸
۲۶	برسات میں تیروں کی جنازہ ہے حسن کا۔	۵۰
۲۷	بے گناہ مارا گیا سبطِ رسول دوسرا۔	۵۱
۲۸	برسات میں تیروں کی یہ کس کا جنازہ ہے۔	۵۳
۲۹	تیروں سے سجایا گیا تابوت حسن کا۔	۵۴
۳۰	ہائے زہرہ نے حسن کو تڑپایا اس طرح تھا	۵۵
۳۱	جیسے ہی گھر سے نکلا تابوت مُجتبیٰ کا	۵۶

نمبر	نوحہ	صفحہ نمبر
	(مدینے سے روانگی)	
۳۲	ویران ہے مدینہ آباد کربلا ہے.	۵۷
	(چاند مُحرم)	
۳۳	اے چاند محرم کے تو بدلی میں چلا جا.	۵۸
۳۴	اے چاند محرم تو ہی بتا خاتون کا چاند	۵۹
۳۵	چاند نکلا ہے محرم کا تو تنہا صغریٰ.	۶۱
۳۶	نہ چاند محرم کا صغریٰ کو نظر آئے.	۶۳
۳۷	جب چاند نظر آئے ہم علم سجاتے ہیں	۶۴
	(شہزادی فاطمہ صُغرا سلام اللہ علیہا)	
۳۸	روضے پہ مصطفےٰ کے صغریٰ دیئے جلائے.	۶۶
۳۹	فاطمہ صغریٰ یہ رو رو کے صدا دیتی ہے.	۶۷
۴۰	اکبر دے وچھوڑے نے میری جان مکائی.	۶۸
۴۱	دل وطنی موڑ مہاراں وے.	۶۹
۴۲	ماں دے دل دیاں ریجاں سن تینوں مہندیاں لاواں.	۷۱
۴۳	صغریٰ اے دعاواں منگدی اے رب خیر کرے میرے ویراں دی.	۷۲
۴۴	اے میریاں دعاواں شالا قبول ہوون.	۷۳
۴۵	ہے خبر قاصد بیمار مدینہ آیا.	۷۴
۴۶	وچھری حسین جائی جدوں راہواں ویندی اے.	۷۵
۴۷	تربت پہ مصطفےٰ کی صغریٰ کا آہیں بھرنا.	۷۶
۴۸	اکبر ویاں راہواں توں نظراں نہ ہٹاندی اے	۷۸
۴۹	ویراں دیا تانگاں نے مینوں مار مکایا اے	۷۹
۵۰	بن تیرے میں نئیں جیونا وے	۸۰
	(سفیر امام حُسینؑ مسلم ابن عقیلؑ)	
۵۱	مظلوم کے سفیر کو مارا ہے بے خطا.	۸۲

نمبر	نوحہ	صفحہ نمبر
	(عاشور)	
۵۲	عاشور کا دن ہے کہ قیامت کی خبر ہے.	۸۳
۵۳	روزِ عاشورہ صبح کو دی جو اکبر نے اذاں.	۸۴
۵۴	کی دن دسویں داچڑھیا اے کی ظلم ہنریاں چلیاں نے.	۸۵
۵۵	قیامت بن کے دن عاشور کا زینبؑ پہ آیا ہے.	۸۶
۵۶	سب کج دے کے وچ کربل دے رہ گیا سیدؑ کلا.	۸۸
۵۷	تقصیر تے نہیں کوئی سیدؑ دی ہویا ویری کلِ زمانہ اے.	۸۹
۵۸	پانی کا بند کرنا کس قوم میں روا ہے.	۹۲
۵۹	چلے رن کو آغوش زینبؑ کے پالے	۹۳
	(شہزادہ علی اکبر علیہ السلّام)	
۶۰	آواز آرہی ہے اِک سینہ سناں سے.	۹۴
۶۱	اللہ اکبر اللہ اکبر آئی اکبر کی صدا.	۹۵
۶۲	اللہ اکبر ہائے میرا سوہنا اکبر.	۹۷
۶۳	ہچکیاں لیکر سُنی زینبؑ نے اکبر کی اذاں.	۹۸
	(شہزادہ قاسم علیہ السلّام)	
۶۴	سیداوے میں مراداں منگیاں قاسماں اٹھ کے مہندی لا.	۹۹
۶۵	لے نانا ہتایا اے میں ویردا سہرا.	۱۰۰
۶۶	ہائے مہندی حسن دے پچڑے دی کیویں وچ خیمے دے آئی.	۱۰۱
۶۷	حسنؑ کے لال کو دُولہا ہے جب بنایا گیا	۱۰۲
۶۸	قاسمؑ نوں مہندی لاوے کتے وچھڑی نہ مرجاوئے	۱۰۴
	(شہزادہ علی اصغر علیہ السلّام)	
۶۹	نہ رو ماں جھولے دی پھڑ کے ڈوری.	۱۰۵
۷۰	آجا علی اصغر تجھے سینے سے لگالوں.	۱۰۶
۷۱	آئی ہے تیر بن کے اصغر کی موت ہائے.	۱۰۷

نمبر	نوحہ	صفحہ نمبر
۷۲	رو وے گا یاد کر کے اصغر نوں زمانہ۔	۱۰۸
۷۳	لبوں پہ سوکھی زباں پھیر کہ دکھا تا دیا۔	۱۰۹
۷۴	پچھلی رات کا تارا چمکا ماں کو اصغر یاد آیا۔	۱۱۰
۷۵	جھولا جھلاوے خالی جھولا جھلاوے	۱۱۱
۷۶	ہائے ہائے میرا اصغرؑ ہائے ہائے میرا اصغرؑ	۱۱۲

(غازی ابوالفضل عباس علیہ السلام)

نمبر	نوحہ	صفحہ نمبر
۷۷	کالا علم گواہ اے غازی تیری وفادا۔	۱۱۴
۷۸	کس شان سے اٹھا ہے ہائے غازی علم تیرا۔	۱۱۵
۷۹	کون عباس کو دریا پہ خبر دے جا کے۔	۱۱۶
۸۰	خون میں ڈوبا علم میدان سے جب لائے حسین۔	۱۱۷
۸۱	عباس باوفا دا پرچم صدار ہوے گا۔	۱۱۸
۸۲	عباس تیرے خون سے رنگیں ہے علم تیرا۔	۱۱۹
۸۳	ہل چل ہے فوجِ شام میں عباس آتے ہیں۔	۱۲۰
۸۴	عباس کا علم ہے سب مل کے اٹھاؤ۔	۱۲۱
۸۵	عباس علم تیرا مقتل سے آرہا ہے۔	۱۲۲
۸۶	دریا او علم آیا علمدار نہ آیا۔	۱۲۴
۸۷	بے مشل ہے ماتم حسینؑ دا	۱۲۵
۸۸	ایسا سجدہ کیا شبیرؑ نے اپنے رب کو	۱۲۶
۸۹	خنجر تلے یہ شہہ نے کہا میں حسینؑ ہوں	۱۲۷
۹۰	کٹا کے اپنا گلا تیرا دین بچاؤں گا	۱۲۹
۹۱	پُرسہ شبیرؑ کا دینے جو تجھے آتے ہیں	۱۳۱
۹۲	رونا بھی عبادت ہے ماتم بھی عبادت ہے	۱۳۳

(حضرت امام حُسینؑ علیہ السلام)

نمبر	نوحہ	صفحہ نمبر
۹۳	تیراں دی جانماز تے سجدہ حسین دا۔	۱۳۴

نمبر	نوحہ	صفحہ نمبر
۹۴	اے ارضِ کربلا تیرے مہمان کیا ہوئے۔	۱۳۵
۹۵	بھولے نہیں تھے نوحے مظلومِ کربلا کے۔	۱۳۷
۹۶	حُسین ساری یہ کائنات تیرے دم سے ہے۔	۱۳۸
۹۷	کرب وبلا کو شاہ کا مقتل بنادیا ہے۔	۱۳۹
۹۸	لوٹا ہے ظالموں نے زہرہ کے گلستاں کو۔	۱۴۰
۹۹	دشتِ غربت میں نبی کا سارا کنبہ لُٹ گیا۔	۱۴۱
۱۰۰	مظلوم تیرا غم ہے تیری قوم مناتی۔	۱۴۲
۱۰۱	زہرا کا چاند تشنہ کھڑا ہے لبِ فرات۔	۱۴۳
۱۰۲	داستانِ غم شبیر کہی جاتی ہے۔	۱۴۴
۱۰۳	اے حُسین ابنِ علی حق کو بچاتے دیکھا۔	۱۴۵
۱۰۴	دین کو زندہ وجاوید بنانے کے لئے۔	۱۴۶
۱۰۵	تیر ہیں شبیر پیاسے کے بدن میں جا بجا۔	۱۴۸
۱۰۶	تیروں کے مصلّے پر وہ سجدہِ شکرانہ۔	۱۴۹
۱۰۷	اِک مظلوم دے تن تے بارش تیراں دی۔	۱۵۱
۱۰۸	ارمان رئیا ارمان رئیا کیوں بعد حُسینؑ ہاں رئیا۔	۱۵۲
۱۰۹	لاش مظلوم کی مقتل سے اٹھائی نہ گئی۔	۱۵۴
۱۱۰	راہوں میں ساربان کو چھاؤں ملی نہ سایہ۔	۱۵۵
۱۱۱	ہو کے مہمان محمد کا نواسہ آیا۔	۱۵۶
۱۱۲	ہم سے غم شبیر بھلایا نہیں جاتا۔	۱۵۸
۱۱۳	خونِ حُسین چادرِ زینبؑ کی داستان۔	۱۵۹
۱۱۴	ہائے شبیر کو مہمان نہ بنایا ہوتا۔	۱۶۰
۱۱۵	ہائے کیوں نہ کیا لاشہ مظلوم دفن تیرا۔	۱۶۱
۱۱۶	جب بھی غیرتِ انساں کا سوال آتا ہے۔	۱۶۳
۱۱۷	خونِ شبیر بہایا ہے مسلمانوں نے۔	۱۶۴

نمبر	نوحہ	صفحہ نمبر
۱۱۸	سبحان رب العلیٰ و بحمدہ۔	۱۶۵
۱۱۹	ملتی ہی نہیں کوئی مثال ایسی دہر میں	۱۶۶
۱۲۰	چلو حسینؑ تمہیں کربلا بلاتی ہے۔	۱۶۷
۱۲۱	جس نے سجدہ کیا چاند زہرا کا تھا۔	۱۶۹
۱۲۲	خوابِ ابراہیم کی تعبیر دی شبیر نے۔	۱۷۰
۱۲۳	کٹتا ہے گلا رن میں فرزندِ پیمبر کا۔	۱۷۱
۱۲۴	چھاؤں میں تیغوں کی یثرب کا مسافر سو گیا۔	۱۷۲
۱۲۵	دشتِ خوں خوار میں سر شاہ کٹانے آئے۔	۱۷۴
۱۲۶	غربت میں محمد کا پسر مارا گیا ہے۔	۱۷۶
	(شامِ غریباں)	
۱۲۷	اے شامِ غریباں اے شامِ غریباں۔	۱۷۸
۱۲۸	ہائے زہرا کے بھرے گھر کو جلاتے کیوں ہو۔	۱۷۹
۱۲۹	یہ شامِ غریباں ہے یہ شامِ غریباں ہے	۱۸۰
۱۳۰	بین کرتا ہوا خاک اُڑاتا ہوا	۱۸۱
	(شہزادیاں زینبؑ و کلثومؑ سلام اللہ علیہا)	
۱۳۱	قیدی بنی کھڑی ہے کربل میں زہرا ثانی۔	۱۸۳
۱۳۲	اٹھ توں لاہنا زینبؑ دا معمولی گالھہ نہیں۔	۱۸۴
۱۳۳	بڑا ارمان ہے تینوں کفن پوا نہ سکی۔	۱۸۵
۱۳۴	لے نانا تیرا دین بچانے میں چلی ہوں۔	۱۸۶
۱۳۵	زینبؑ ہے سر برہنہ چراغوں کو بجھاؤ۔	۱۸۷
۱۳۶	مظلوم کربلا کی عزادار آگئی۔	۱۸۸
۱۳۷	زینبؑ کے لٹ جانے کا جس دل میں غم نہیں۔	۱۹۰
۱۳۸	دیارِ شام میں جب بے کسوں کی شام ہوئی۔	۱۹۱
۱۳۹	ردا ہے سر پہ نہ بھائی کا سر پہ سایا ہے۔	۱۹۲

نمبر	نوحہ	صفحہ نمبر
۱۴۰	اے غیرتِ مریم تیرا بازار میں جانا۔	۱۹۳
۱۴۱	بنتِ زہرا تیری عظمت کو بھلایا کیوں گیا۔	۱۹۴
۱۴۲	میں دکھی ہاں حیدر دی ماں فاطمہ زہرا اے۔	۱۹۵
۱۴۳	تو میرے پردے دا ضامن اے شہنشاہ غازی۔	۱۹۶
۱۴۴	کس کو منائے زینبؑ کس کو سنبھالے زینبؑ۔	۱۹۸
۱۴۵	اِک رات دیاں مہماناں دی مہمان نوازی کر زینبؑ۔	۲۰۰
۱۴۶	فریاد محمد صلی اللہ سر ننگے زہرا جائیاں۔	۲۰۲
۱۴۷	کیوں حیا آتی نہیں تم کو مسلمانوں۔	۲۰۴
۱۴۸	کوفے کے رہنے والوں میلہ نہ تم ہٹاؤ۔	۲۰۶
۱۴۹	اینج ہوئی بیباں دی ہائے شام نوں تیاری۔	۲۰۷
۱۵۰	بھائی کی شہادت سے پریشان ہے زینبؑ۔	۲۰۸
۱۵۱	علی کے شہر کوفے میں سماں زینبؑ پہ کیا آیا۔	۲۰۹
۱۵۲	غازی دی بھینڑ زینبؑ منگدی دعا ردا دی۔	۲۱۰
۱۵۳	برباد ہوئی نہ کیونکر یا رب تیری خدائی۔	۲۱۲
۱۵۴	رہائی ہوگی تو تیری قبر پہ آؤنگی۔	۲۱۳
۱۵۵	شہزادی آئی کوفے دی شہزادہ نال مہاری اے۔	۲۱۴
۱۵۶	توحید کی ہر بات بتاتی رہی زینبؑ۔	۲۱۵
۱۵۷	پردیسی ہاں اللہ راسی ہاں کو مدد کوں آہو ہاں۔	۲۱۷
۱۵۸	بازار کے منظر کو اور اپنے کھلے سر کو بھولی نہیں میں۔	۲۱۸
۱۵۹	غازی دے بعد زینبؑ سر دی ردا لٹا کے بڑی دیر ستائیں روئی۔	۲۲۰
۱۶۰	نیزہ سوار بھائی ایسے قرآن پڑھ۔	۲۲۱
۱۶۱	آگئی شام شام شام کا وہ شہر۔	۲۲۲
۱۶۲	زینبؑ ہے سفر میں ہائے خاک ہے سر میں۔	۲۲۳
۱۶۳	شام ہائے شام شام ہائے شام۔	۲۲۴

نمبر	نوحہ	صفحہ نمبر
۱۶۴	زینبؑ کو ماں کا فرمان پردیس میں رُلائے	۲۲۶
۱۶۵	آگئی بنتِ علیؑ بے ردا ہاتھ بندھے بھرے بازاروں میں	۲۲۷
۱۶۶	ہائے پیاری ماں دس میں کی کراں	۲۲۹
۱۶۷	میں قید ہو کر بھی گر کربلا سے جاؤں گی	۲۳۱
۱۶۸	گذرا تھا بیبیوں کو لے کر کہاں کہاں سے	۲۳۳
۱۶۹	رو کے زینبؑ نے شہہ کو پکارا	۲۳۶
۱۷۰	لٹیاں ہویاں رداواں کوئی موڑ جاویں آ کے	۲۳۷
۱۷۱	اللہ جانیں کدوں مڑ کے آ دنے زہرہ جائیاں	۲۳۸
۱۷۲	کیا ر ہا خیموں میں شہ کے اِک اُداسی رہ گئی	۲۴۰
۱۷۳	مقتل کی طرف لاشہ شبیرؑ کو دیکھا	۲۴۱
۱۷۴	رہائی قید سے زینبؑ کو جب ملی ہو گی	۲۴۱
۱۷۵	کربلا والے شام جاتے ہیں	۲۴۳
۱۷۶	پابند رسن ہاتھ ہیں زخموں سے بھرا دل	۲۴۴
۱۷۷	ویرنہ آئے مڑ کے میرے رورو آکھے زہرہ جائی	۲۴۵
	(جناب فضہ)	
۱۷۸	فضہ تیری عظمت نوں ساڈا اسلام اے۔	۲۴۶
	(شہزادی سکینہ بنتِ امام حسینؑ)	
۱۷۹	کہاں کہاں نہیں ڈھونڈا ہو تم کہاں بابا۔	۲۴۸
۱۸۰	زنداں میں سکینہ کو یاد آیا وہ سینہ۔	۲۵۱
۱۸۱	اج لے گیا رُقیا تیرے پاک سر توں سایہ۔	۲۵۲
۱۸۲	ہے شام کے زنداں تیری مہمان سکینہ۔	۲۵۳
۱۸۳	معصومہ کا لاشہ ہائے زندان سے اٹھایا ہے۔	۲۵۴
۱۸۴	یارب کوئی معصومہ زندان میں نہ تنہا ہو۔	۲۵۵
۱۸۵	بابا یہ مسلماں مجھے رونے نہیں دیتے۔	۲۵۶
۱۸۶	سجاد سے سکینہؑ کرتی ہے التجا۔	۲۵۷
۱۸۷	جب یاد سکینہؑ تیری آتی ہے بابا۔	۲۵۸
۱۸۸	اک بچی کائنات پہ احسان کر گئی	۲۵۹
۱۸۹	ہائے سکینہؑ ہائے سکینہؑ	۲۶۱
۱۹۰	زنداں میں نہیں آتی کیوں تازہ ہوا بھیا	۲۶۳
۱۹۱	زندان چہ رو رو کے بچھڑی سکینہؑ ویرنوں	۲۶۴
۱۹۲	اے شام زنداں تیری مہمان سکینہؑ	۲۶۵
	(حضرت امام زین العابدین علیہ السلام)	
۱۹۳	آہوش میں سجاد کے گھر جل گئے سارے۔	۲۶۶
۱۹۴	سجاد نوں دیندے نے بے جرم سزاواں۔	۲۶۷
۱۹۵	منزلِ شام کہاں غیرتِ شبیر کہاں۔	۲۶۸
۱۹۶	رونے کیلئے کافی ہے سجاد تیرا نام۔	۲۶۹
۱۹۷	سجاد کو یہ امت ایسے ستا رہی ہے۔	۲۷۱
۱۹۸	ایہو غم کھا گیا ہے سجاد دی جوانی۔	۲۷۳
۱۹۹	سجاد جو قیدی کی طرح ہائے شام چلا ہے۔	۲۷۴
۲۰۰	اجڑا ہوا ہے قافلہ اور شام کا زندان۔	۲۷۶
۲۰۱	دین نبی کا بار اٹھائے اجڑے گھروں کا وارث آیا۔	۲۷۸
۲۰۲	بیڑیاں پہنے ہوئے قافلہ سالار چلا ہائے بیمار چلا	۲۷۹
۲۰۳	رُکدا نئیں اکھیاں چوں ہائے خوں مہاری دا	۲۸۱
۲۰۴	قیدی نہ کوئی لوگو سجادؑ سا ہو گا	۲۸۲
۲۰۵	سجاد دی زندگی مک گئی اے ہر دُکھ گیا	۲۸۳
۲۰۶	دیارِ شام میں سجادؑ آ رہا ہو گا	۲۸۴
۲۰۷	نبی کی آل پر غربت میں یہ کیسا مقام آیا	۲۸۵
۲۰۸	روئی زنجیر، روئی زنجیر، روئی سجادؑ کے قدموں سے لپٹ کر روئی	۲۸۶

نمبر	نوحہ	صفحہ نمبر
۲۰۹	قید ہو کر جا رہا ہے قافلہ سجادؑ کا	۲۸۷
۲۱۰	رُکدائیں اکھیاں چوں ہائے خون مہاری دا	۲۸۸
	(واپسی حرم)	
۲۱۱	زنداں سے چھٹکر جو وطن جائیو زینبؑ۔	۲۸۹
۲۱۲	رہائی قید سے زینبؑ کو جب ملی ہوگی۔	۲۹۰
	(حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام)	
۲۱۳	ہائے موسیٰ کاظم کی میت کو رُلایا کیوں۔	۲۹۲
۲۱۴	کاظم امام نوں ملی کس جرم دی سزا۔	۲۹۳
	(حضرت امام علی رضا علیہ السلام)	
۲۱۵	کس نے زہر امام رضاؑ کو پلادیا	۲۹۴
۲۱۶	مظلوم بے وطن یہ میرا مولا رضاؑ ہے	۲۹۵
۲۱۷	سلامِ آخر	۲۹۶
۲۱۸	دُعا	۲۹۸
	مناجات	
۱	نامِ عباسؑ وسیلہ ہے ہر دعا کے لئے	۳۰۰
۲	دربار ہے کاظمؑ کا جو مانگنا ہے مانگو	۳۰۱
۳	سب نے یہی کہا ہے اللہ بہت بڑا ہے	۳۰۱
۴	فریاد کو پہنچوں یہ، امداد کو پہنچوں	۳۰۳
۵	کرم مانگتی ہوں دعا مانگتی ہوں	۳۰۵
۶	اے مولا علیؑ اے شیرِ خدا میری کشتی پار لگادینا	۳۰۷
۷	اے شہہِ دُلدل سوار جلد مدد کیجئے	۳۰۸
۸	فریاد در پہ آپ کے لائی ہوں یا علیؑ	۳۰۹
۹	یا بنتِ نبی فاطمہؑ تشریف لے آؤ	۳۱۰
۱۰	بن کر سائل آئے ہیں در پر تمہارے یا حسینؑ	۳۱۲

نمبر	مناجات	صفحہ نمبر
۱۱	زوّار بن کے جاؤ عباسؑ کی ضریح پر	۳۱۳
۱۲	جو مانگنا ہے تجھ کو قمر بنی سے مانگ	۳۱۴
۱۳	ماں فاطمہ زہراؑ کا سفرا سجا ہے	۳۱۵
۱۴	ہم ہاتھ اٹھا کے مانگتے ہیں سیدہؑ کے پاس	۳۱۷
۱۵	یا علیؑ مشکل کشاء آپ سے فریاد ہے	۳۱۹
۱۶	اے بیٹی محمدؐ کی مدد کرنے کو آؤ یا فاطمہ زہراؑ	۳۲۰
۱۷	کرتے ہیں لوگ بازوئے سرور کی حاضری	۳۲۳
۱۸	طوفان کی خطرناک ہواؤں سے بچانا عباسؑ علمدار	۳۲۴
۱۹	یا حضرت عباسؑ مدد کیلئے آؤ شبیرؑ کا صدقہ	۳۲۵
۲۰	یا شاہِ خراسان میری امداد کو پہنچو یا ضامن و ثامن	۳۲۷
۲۱	ہوا نجف کو اگر ہو جانا	۳۲۸
۲۲	اے خدا تجھ کو رسولؐ دوسرا کا واسطہ	۳۲۹
۲۳	مشکل کشائی کیجئے یا صاحب الزماں	۳۳۰
۲۴	مولا کی بارگاہ میں گنہگار آئے ہیں	۳۳۱
۲۵	لحد میں روشنی کے واسطے سامان لائی ہوں	۳۳۲
۲۶	یا فاطمہ زہرہ میری امداد کو آؤ	۳۳۲
۲۷	یا حضرت زہرہؑ پئے امداد کو آؤ یا فاطمہ زہرہؑ	۳۳۳
۲۸	قمر بنی ہاشم کی حاضری رکھی ہے	۳۳۴
۲۹	یا رب دعا قبول ہو زینبؑ کا واسطہ	۳۳۶
۳۰	در پہ تمہارے آئی ہوں بی بی میری زینبؑ	۳۳۷
۳۱	بھائی پہ صدقے ہوگی میں آپ پہ قربان	۳۳۷
۳۲	خدائے برتر بنی اکرم سکینہ بی بی	۳۳۸
۳۳	میرے داتا میرے سلطان میرے مولا رضاؑ	۳۳۹

Daffodils

QUALITY PRODUCTS FOR ALL AGES

DC-1, Block 8, KDA Scheme 5,
Main Clifton, Karachi-75600.
Phone: 579377 – 5873752
Fax: 5873759
Email:kirmani92110@yahoo.com

الظلم بوار الرعية
ظلم عوام کی موت ہے۔

الإخلاص أشرف نهاية
اخلاص سب سے زیادہ شرف والی انتہا ہے۔

الأجل يصرع
اجل (انسان کو) زمین بوس کر دیتی ہے۔

السلامة في التفرد
سلامتی تنہائی میں ہے۔

SELIMPEX INTERNATIONAL

MANUFACTURER & EXPORTERS OF WOVEN GARMENTS

LA 8/25, BLOCK 22, F.B. AREA,
KARACHI-75950

Tel: 6366620, 6363464 & 6363465
Fax: 6311399

E-mail: selint@www.fascom.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیغام

میں صدر علم کمیٹی اُن سب مومنین کا شکر گزار ہوں جنہوں نے نوحہ جات کی کتاب میں مختلف انداز میں یعنی اشتہار کے ذریعہ اور نوحہ خواں ناظم پارٹی (انجمن شباب المومنین) کے نوحہ جات کی فراہمی کے ذریعہ اور سہیل علی نے کمپیوٹر کتابت کے ذریعہ تعاون کیا۔

میں دُعاگو ہوں کہ پروردگارِ عالم ان سب کی نیک توفیقات میں اضافہ کرے اور اُمید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی اسی طریقہ سے تعاون جاری رکھیں گے۔

اب میں اُن شخصیات کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے دن رات بیٹھکر ان نوحہ جات کی پروف ریڈینگ اور ترتیب میں ہمارا ساتھ دیا۔ اِن میں ارکینِ علم کمیٹی شامل ہیں اور خصوصی طور پر علی رضاماؤجی اور سلیم علی رجب علی کا شکر گزار ہوں۔

جناب علی رضاماؤجی کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے اِس نیک کام کو بڑی محنت ولگن سے پایہ تکمیل تک پہچایا جس کے لئے دُعاگو ہوں کہ درِ محمدؐ وآل محمدؐ میں قبولیت ہو اور جنابِ سیدہؑ ان کو اجرِ عظیم عطا کرے اور ساتھ ہی سب نوجوانوں کو اِسی طریقہ سے مشغولِ ذکرِ امام حسینؑ رکھے اور نیک توفیقات میں اضافہ کرے۔

پروردگار عالم مدرجہ بالا لوگوں کے کارِ خیر کو قبول کریں اور اسکا صلہ حضرت محمدؐ وآلِ محمدؐ عطا کرے۔ (آمین)

دُعا کا طالب
شبیر حسین علی محمد
صدر علم کمیٹی حسینی باغ نمبر۲

علم کمیٹی کے عُہداداران و ممبران

۱	جنابِ شبیر حُسین علی محمد	(صدر)
۲	جناب علی رضا انور علی ماوجی	(نائب صدر)
۳	جناب حسن علی یوسف علی جیوانی	(جنرل سیکریٹری)
۴	جناب علی رضا روشن علی بھوجانی	(خزانچی)
۵	جناب رضا حسین رمضان علی راجیہ	(انچارج)
۶	جناب رضوان علی انور علی ماوجی	(ممبر)
۷	جناب صفدر رضا رضا حسین راجیہ	(ممبر)
۸	جناب عباس علی محمد حُسین بھوجانی	(ممبر)
۹	جناب غلام عباس حیدر علی لیلانی	(ممبر)
۱۰	جناب انور علی حبیب علی ماوجی	(ممبر)
۱۱	جناب ابو القاسم یوسف علی	(ممبر)
۱۲	جناب عابد علی حسین علی	(ممبر)

جدول ولادت و شہادت چہاردہ معصومینؑ

علیہم السلام

اسمائے مقدس	تاریخِ ولادت	تاریخِ شہادت
حضرت محمد مصطفیٰؐ	۱۷ ربیع الاوّل	۲۸ صفر
حضرت فاطمۃ الزہراؑ	۲۰ جمادی الثانی	۳ جمادی الثانی
حضرت علی المرتضیٰؑ	۱۳ رجب	۲۱ رمضان
حضرت حسن مجتبیٰؑ	۱۵ رمضان	۲۸ صفر
حضرت حسینؑ شہید کربلا	۳ شعبان	۱۰ محرم الحرام
حضرت زین العابدینؑ	۱۵ جمادی الثانی	۲۵ محرم الحرام
حضرت محمد باقرؑ	یکم رجب	۷ ذوالحجہ
حضرت جعفرِ صادقؑ	۱۷ ربیع الاوّل	۱۵ شوال المکرم
حضرت موسیٰ کاظمؑ	۷ صفر	۲۵ رجب
حضرت علی رضاؑ	۱۱ ذیقعدہ	۲۳ ذیقعدہ
حضرت محمد تقیؑ	۱۰ رجب	۲۹ ذیقعدہ
حضرت علی نقیؑ	۵ رجب	۳ رجب
حضرت حسن عسکریؑ	۱۰ ربیع الثانی	۸ ربیع الاوّل
حضرت مہدیؑ	۱۵ شعبان	بحکم خدا زندہ ہیں

اٹھارہ بنی ہاشم

۱ عُبداللہ بِن مسلمؑ
۲ مُحمّد بِن مسلمؑ
۳ جعفر بِن عقیلؑ
۴ عُبدالرّحمٰن بِن عقیلؑ
۵ عُبداللہ ابنِ عقیلؑ
۶ مُوسیٰ ابنِ عقیلؑ
۷ عون بنِ عُبداللہ بِن جعفرطیارؑ
۸ مُحمّد بنِ عُبداللہ بِن جعفرطیارؑ
۹ عُبداللہ الاکبر (عُرف عمرو) بِن الحسنؑ
۱۰ قاسم بِن الحسنؑ
۱۱ عُبداللہ ابنِ الحسنؑ
۱۲ عُبداللہ بِن علیؑ
۱۳ عُثمان بِن علیؑ
۱۴ جعفر بِن علیؑ
۱۵ علمدارِکربلا عباّس بِن علیؑ
۱۶ مُحمّد بن ابی سعید بِن عقیلؑ
۱۷ علی اکبربِن حُسیّنؑ
۱۸ علی اصغر بِن حُسیّنؑ

بہتّرشہُداء کے اسمائے گرامی

۱ حُر ابنِ یزیدالرّیاحی
۲ علی ابنِ الُحر الرّیاحی
۳ نعیم بنِ العجلان الانصاری
۴ عمران بن کعب الا شجعی
۵ خنطلہ ابنِ عمرا لشیانی .
۶ قاسِط بِن زُہیر التغبلی
۷ کردوس بِن زُہیر التغبلی
۸ کنانہ بِن عتیق التغبلی
۹ عمر بِن صبیقہ الضبعی
۱۰ ضرغامہ ابنِ مالک التغبلی
۱۱ غامر بِن مُسلم العبدی
۱۲ سیف ابنِ ما لک العبدی
۱۳ عبدالرّحمٰن الارجبی
۱۴ مجمع بِن عبداللہ العاندی
۱۵ حیان بِن حارث السلمانی
۱۶ عُمرو بِن عبداللہ الجندعی

۱۷ حلاس بِن عمر الراسبی
۱۸ نعمان بِن عمرالاسبی
۱۹ سوار ابنِ ابی عمیر الہمدانی
۲۰ عمار ابنِ سلامتہ الدالانی
۲۱ زاہر بن عمر الکندی
۲۲ جبلّہ ابنِ علی الشیبانی
۲۳ مسعُود بن حجاج التیمی
۲۴ حجاج ابنِ بدر التیمی السعدی
۲۵ عبداللّٰہ ابنِ بُشرالخثعمی
۲۶ عَمار ابنِ حِسان الطائی
۲۷ عبدُاللّٰہ ابنِ عمیر الکلبی
۲۸ مُسلم ابنِ کثیر الازدی
۲۹ زہیر ابنِ سیلم الازدی
۳۰ عبدُاللّٰہ بِن یزید العبدی
۳۱ بشر بنْ عمر الکندی
۳۲ عبدُاللّٰہ بِن عروہ الغفّاری
۳۳ بریر ابنِ خضیر الہمدانی

۳۴ وہب بِن عبدُاللّٰہ الکلبی
۳۵ ادہم بِن امیتہ العبدی
۳۶ اُمّہ بِن سعدالطائی
۳۷ سعد ابنِ خنطلتہ التمیمی
۳۸ عمیر ابنِ عبدُاللّٰہ المذحجی
۳۹ مُسلم ابنِ عوسجتہ الاسدی
۴۰ ہلال ابنِ نافع الجبلی
۴۱ سعید بِن عبدُاللّٰہ الحنفی
۴۲ عبدالرّحمٰن بِن عبدالمزنی
۴۳ نافع ابنِ ہلال الجملی
۴۴ عُمر بِن قرظتہ الانصاری
۴۵ جَون بِن حَوی غلام الغفّاری
۴۶ عُمر ابنِ خالد الصیدادی
۴۷ خظلہ ابنِ اسعد الشبامی
۴۸ سوید ابنِ عمر الاتماری
۴۹ یحیحٰی بِن سیلم المازنی
۵۰ قرّہ ابنِ ابی قرۃ الغفّاری

۵۱ مالک ابنِ انس المالکی

۵۲ زیاد ابنِ غریب الصائدی

۵۳ عُمر بِن مطاع الجعفی

۵۴ حجاج ابنِ مسروق المدجحی

۵۵ زہیر ابنِ قین البجلی

۵۶ حبیب ابنِ مظاہر الاسدی

۵۷ ابو ثمامه عُمرو بِن عُبداللّٰه الصیدادی

۵۸ انیس بِن معقل الاصبحی

۵۹ جابر ابنِ عروة الغفّاری

۶۰ سالم مولی عامر العبدی

۶۱ جناده ابنِ کعب الخزرجی

۶۲ عُمر بِن جنادة الانصاری

۶۳ جناده بِن الحدث السلمانی

۶۴ عابس ابنِ شبیب الشاکری

۶۵ شوذب ابنِ عُبداللّٰه الہمدانی

۶۶ عبدالرّحمٰن بِن عروة الغفّاری

۶۷ حرث ابنِ امروالقیس الکندی

۶۸ یزید ابنِ زیاد الہَذلی

۶۹ ابوُ عمرو النہشلی

۷۰ جندب بِن حجیر الخولانی الکندی

۷۱ سلمان بن مضارب الانماری

۷۲ مالک ابنِ عُبداللّٰه الجابری

اے ایمان والو: اللہ کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرو اور ان لوگوں کی اطاعت کرو جو تم میں سے صاحبانِ امر ہیں. پھر اگر تم میں کسی مسئلہ پر جھگڑا ہو تو اسے اللہ اور رسولؐ کی طرف پلٹادو. (القرآن) سورۃ نساء

ارشادِ امام حُسینؑ:

ہم ہی اللہ کی وہ لشکر ہیں جو ہمیشہ دوسروں پر غالب رہیں گے. ہم ہی عترتِ رسولؐ ہیں. جو سب سے زیادہ ان سے نزدیک ہیں. ہم ہی آپ کے اہلِ بیت ہیں جنہیں اللہ نے ہر بُرائی سے پاک بنایا ہے. ہم ہی ثقلین میں سے ثقل ہیں جنہیں سرورِ انبیاء نے اپنی حدیث میں اس کتاب کاالٰہی کا ثانی اور ردیف قرار دیا ہے جس میں ہر بات کی تفصیل و تشریح موجود ہے جس میں کسی رُخ سے گمراہی، غلطی اور باطل کا گزر نہیں ہو سکتا. یہ وہ کتاب ہے جس کی تفسیر کے لئے ہم سے زیادہ نگاہِ اللہ ورسولؐ میں کوئی دوسرا معتمد و معتبر نہیں ہو سکتا اسی لئے ہم اس کا حق رکھتے ہیں کہ تم سب ہماری اطاعت کرو کیونکہ ہماری اطاعت تم پر فرض ہے.

A.R. ENTERPRISES

وصیت نامہ امام حسینؑ ابنِ علیؑ

یہ حسین بن علیؑ ابن ابیطالبؑ کی وصیت ہے اُن کے بھائی محمد کے نام جو ابن الحنفیہؒ کہے جاتے ہیں. حسینؑ اس کی گواہی دیتا ہے کہ اللہ واحد و یکتا ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ وحدہٗ لاشریک ہے اور محمدؐ اس کے عبد اور رسولؐ ہیں، وہ خدائے برحق کی جانب سے حق کے ساتھ تشریف لائے ہیں جنّت و دوزخ سب سچ اور حق ہے. بلاشبہ قیامت بھی ضرور آئے گی. یقیناً اللہ مُردوں کو دوبارہ زندگی دے گا. اس گواہی کے بعد لکھا. یقیناً میں مدینہ سے اس وجہ سے نہیں جا رہا ہوں کہ عیش و راحت کی طلب اور ہوس میں بدحواس ہوں اور اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرنے والا اور سرکشی و تکبر کا پسند کرنے والا ہوں. یا دُنیا میں فساد پھیلانے اور دوسروں پر ظلم و ستم ڈھانے کی کوشش میں مشغول ہوں بلکہ میں تو صرف اپنے نانا کی اُمّت کی اصلاح چاہتا ہوں میرا واحد مقصد یہی ہے کہ لوگوں کو نیکی کا حکم دوں اور بُرائی سے روکوں اور اپنے نانا رسولؐ اللہ اور بابا علی بن ابی طالب کی سیرت پر چلتا رہوں اس کے بعد جو شخص بھی میری بات مانے گا تو اُس کو ہدایت حاصل ہوگی اور بے شک اللہ کا راستہ اس کا زیادہ حقدار ہے کہ اُس کو قبول کیا جائے اور اگر کسی نے میری بات قبول نہ کی تو میں صبر سے کام لوں گا یہاں تک کہ اللہ میرے اور اس قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر دے اور وہی بہترین فیصلہ کرنے والا ہے. اے میرے بھائی تمہارے لئے یہ میری وصیت ہے. میرا سہارا صرف اللہ کی ذاتِ اقدس پر ہے. اُسی پر میرا بھروسہ ہے. اور اُسی کی طرف میری رجوع ہے. اس وصیت کو اپنے دستخط اور مہر سے مزیّن فرما کر محمد بن حنفیہؒ کے سپرد کر دیا

خطِ امام حسینؑ

آپ فرماتے ہیں کہ "اے مؤمنین و مسلمین کوفہ! ھانی بن ھانی السّبیعی اور سعید بن عبداللہ الحنفی آخری وہ لوگ تھے جو تمھاری جانب سے ہمارے پاس بھیجے اور تمھارے خطوط لائے جو کچھ تم لوگوں نے لکھا تھا وہ سب میں نے سمجھا۔ اور یہ بھی میں پوری طرح سمجھا جو تم نے لکھا تھا کہ ہمارا کوئی امام موجود نہیں ہے آپ فوراً آجائیے شاید خدا آپ کے ذریعہ سے ہمیں حق و ہدایت پر جمع کر دے۔ تو میں اپنے بھائی اور اپنے چچا کے بیٹے اور اپنے اہل بیت کے ایک فرد کو جو میرے معتمد علیہ ہیں روانہ کرتا ہوں۔ اگر انھوں نے مجھے لکھا اور تمھاری رائے کو انھوں نے منتشر نہیں دیکھا اور مجھ کو اس کی اطلاع دی کہ تمھارے صاحبانِ فضل اور اہلِ حلّ و عقد میں پورا اتفاق و اتحاد ہے اور ان سب کی ایک ہی رائے ہے جیسا کہ تم نے اپنے خطوط میں ظاہر کیا ہے تو میں بہت جلد تمھاری طرف آجاؤں گا۔ بلاشبہ امام تو وہی ہے جو کتابُ اللہ کے موافق احکام نافذ کرتا ہو اور جو عدل و انصاف اور دینِ حق پر قائم ہو اور صرف خوشنودی و حکمِ الٰہی کی بنا پر اپنے نفس کو اوامرِ الٰہیہ میں محدود رکھتا ہو۔" یہ خط لکھا اور مسلم بن عقیل کو بلا کر کچھ نصیحتیں فرمائیں اور حکم دیا کہ اپنے کوفہ جانے کا اعلان و اشتہار نہ کریں، تقویٰ کو اپنا شعار رکھیں۔ عوام و خواص سے انتہائی اخلاق و محبت سے پیش آئیں اور کوفہ پہونچ کر اگر لوگوں کو محبتِ اہلبیت میں مستحکم و متفق پائیں تو فوراً تحریر کریں۔ اس کے بعد قیس بن مسہر الصیداوی اور عمارہ بن عبداللہ السلولی نیز عبدالرحمٰن بن عبداللہ الازدی اور ایک جماعت کو جو کوفہ کے اعیان میں سے تھی حضرت مسلم بن عقیل کے ہمراہ کیا۔ حضرت مسلم روانہ ہو گئے۔ اور ۱۵ رمضان المبارک سنہ ۶۰ھ کو مکہ سے چل کھڑے ہوئے اور پانچویں شوال سنہ ۶۰ھ کو کوفہ پہونچ گئے۔

نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بڑی شے ہے نسبت مصطفےٰ
ہے وسیلہ اپنی نجات کا
شہ انبیاء کی جو آل ہے
بڑا اس کا جاہ جلال ہے

نہیں اس کی کوئی مثال ہے
وہ حبیب حق کا جمال ہے
نہیں قول اس میں یہ حال ہے
ملا اس کو کیسا کمال ہے

یہ خدائے پاک کی ہے عطاء
وہ جو اہلبیت کے ہیں امام
بڑے متقی بڑے نیک نام
وہ ہیں بادشاہ تو ہیں ہم غلام

بنے ان کے مداح ثرا تمام
بڑا اونچا ہر اک کا ہے مقام
ہوئے پہلے حضرت علی امام
جنہیں سب نے اسداللہ کہا

ہے حسن امام حسین بھی
ہے علی رضا وہ نقی تقی
ہے امام باقر و کاظمی
کہیں عابدی کہیں جعفری

کوئی مہدی کوئی عسکری
ہے ہر اک رسول کی روشنی
ملی ان سے دنیا کو ہے ضیاء
یہ ہے آل اولادِ علی

کہیں ان میں علوی و فاطمی
یہ ہی نسل آلِ نبی بنی
ہے محبت ان سے تو واجبی
ہے ریاضؔ قلمِ خدا یہی

یہی ہے حدیث حضور کی
کہوں کیوں نہ پھر میں یہ برملا

علم کمیٹی حسینی باغ نمبر ۲

صدر

شبیر حسین علی محمد

سلام

وارث انبیاء سلام علیک
دلبر مرتضیٰ سلام علیک

قل کفا ہل عطا انما لا فتح
یعنی شیرِ خدا سلام علیک

تیرے پرچم کے سایہ میں ہے دو جہاں
غازی باوفا سلام علیک

تیرا لہجہ اذانوں میں ہے آج بھی
اکبر خوش نواں سلام علیک

تیرے خطبوں نے دی زندگی دین کو
زینب بے ردا سلام علیک

زندگی بھر نہ بھائی کہا شاہ کو
صرف آقا کہا سلام علیک

آرہی ہے صدا اب زنداں سے
میرے پیارے چچا سلام علیک

جس جگر کے بہتر، ہیں ٹکڑے ہوئے
یا حسن مجتبیٰ سلام علیک

جس در سے فرشتوں کو ہے رزق ملا
وارثِ ہل عطا سلام علیک

پھر ظفر جا کے مشہد میں دے صدا
یا امام رضا سلام علیک

یہ کیا کہ محبت تو کروں پیارے نبیؐ سے
اور رکھوں عداوت میں حسینؑ ابن علیؑ سے
یہ کیا کہ دم احمد مرسلؐ کا بھروں میں
جب قتل نواسہ ہو تو ماتم نہ کروں میں

ہر عہد میں ہے زندہ جاوید شہید
ہر دور ہے ظالم کے لئے مرگ جدید
شبیرؑ کے فرزند تو ہیں لاکھوں مگر
ڈھونڈھو تو کہیں ملتی نہیں اولادِ یزید

تیری اوقات سمجھتی ہے یہ دنیا پانی
تو نے عباسؑ سے کھایا ہے طمانچہ پانی
کون کہتا ہے کہ عباسؑ کو پانی نہ ملا
درحقیقت لبِ عباسؑ کو ترسہ پانی

التماسِ دعا
منجانب بندہ خدا

منقبت

خون ہم بہاتے ہیں زخم ہم سجاتے ہیں
یہ سلیقے ماتم کے اور کس کو آتے ہیں

روز برپا ہوتی ہیں مجلسیں زمانے میں
ہم تو باغِ جنّت میں روز آتے جاتے ہیں

جا کے دیکھ لے دُنیا آج بھی جلوسوں میں
اُنکے سر نہیں جھکتے جو عَلم اُٹھاتے ہیں

کیا جَری جیالے ہیں شیر کربلا والے
موت کے علاقے میں زندگی بناتے ہیں

جائیں چاند پہ ہم کیوں ہم تو اُنکے نوکر ہیں
چاند تارے خود جنکے در پہ آتے جاتے ہیں

مجلسِ حسینی میں زندگی بدلنے کے
گُر سکھائے جاتے ہیں حرؑ بنائے جاتے ہیں

اُن کے سامنے سورج اِک دِیا سا لگتا ہے
نقش ماتم شہ کے ایسے جگمگاتے ہیں
آپکو بھی مل جائے دین کا عَلم لیکن
آپ کا بھروسہ کیا آپ بھاگ جاتے ہیں
صاحبانِ علم و فن عقلمند اے گوہر
سر جھکا کر [illegible]

نوحہ

آغاز ہورہا ہے کربل کی کہانی کا
لوگو یہ جنازہ ہے اسلام کے بانی کا
زینب نے کہا بابا کربل میں چلے آنا
منظر میں دکھاؤں گی اکبر کی جوانی کا

کٹ جائیں گے بازو بھی عباس باوفا کے
تیروں سے ہوگا چھلنی مشکیزہ وہ پانی کا
بکھرے گا کربلا میں قاسم کے سر کا سہرا
خوشیاں سمیٹ لے گا منظر وہ ویرانی کا

روتے تھے فرشتے بھی جب ارضِ وسما لرزا
تابوت اٹھ رہا ہے عمران کے جانی کا
تا حشر میرے مولا مشتاق رہوں تیرا
مل جائے شرف مجھکو بس تیری غلامی کا

اَلسَّھَرُ رَوضَۃُ المُشتَاقِین
شبِ بیداری اہلِ شوق کا گلستان ہے۔

اَلاِخلَاصُ عِبَادَۃُ المُقَرَّبِین
اخلاص مقربین کی عبادت ہے۔

نوحہ

جانشین مصطفیٰ سجدے میں ہے مارا گیا
رونما ہونے لگے واقعات کربلا
آج کی شب میں علی کلثوم کے مہماں تھے
رو کے دروازے پہ بیٹی نے خدا حافظ کہا
دیکھ کر سوئے فلک کلثوم سے بولے علی
یہ وہی شب ہے خدا نے جس کا تھا وعدہ کیا
ضرب جب سر پر لگی لرزے زمین و آسماں
گونج اٹھی کوفے میں ہر سو واعلیہ کی صدا
لوگ نکلے ہیں گھروں سے پہن کر کالے لباس
اور در و دیوار سے آتی ہے ماتم کی صدا
آ گئیں سر پیٹتیں زینب بھی گھر کلثوم کے
باپ کو زخمی جو دیکھا دیکھ کے غش آ گیا
بولی زینب خون میں تر بابا کا چہرہ دیکھ کے
ہائے بابا یہ ستم ہے کس ستم گر نے کیا
لٹ رہی ہیں چادریں ہے آگ خیموں میں لگی
اور تصور میں علی کے شام کا بازار تھا
ہو گیا دشمن زمانہ مشکلوں میں ہے نثار
حل کرو اب مشکلیں اے تاجدار حل عطا

نوحہ

حیدر کا مسلماں نے جو خون بہایا ہے
سر پر سے یہ زینب کے ہائے سایا اٹھایا ہے

ضربت کی خبر آئی جس دم در حیدر پر
زینب نے ردا تھامی بازو کو چھپایا ہے

شبیر تیرے لاشے کو کون اٹھائے گا
تو نے تو یہ بابا کا تابوت اٹھایا ہے

کرنا ہے حوالے جو شبیر کو غازی کے
عباس کو حیدر نے نزدیک بلایا ہے

زینب سے کوئی پوچھے اے کوفے کی شہزادی
کیوں باپ سے مرتے دم تک خود کو چھپایا ہے

شبیر کو زینب نے ہی سر کی ردا سمجھا
ماں کہہ کے ہی سرور نے زینب کو بلایا ہے

ماں کو بھی نوید امت نے روکا تھا رونے سے
زینب کے بھی رونے پر اب پہرا لگایا ہے

التماسِ سورہ فاتحہ برائے ایصالِ ثواب

مرحوم سیّد حُسین علی ابنِ سیّد ولایت علی زیدی
مرحوم سیّد حامد علی ابنِ سیّد حُسین علی زیدی
مرحوم سیّد نواب علی ابنِ سیّد حُسین علی زیدی
مرحومہ رُقیہ بیگم بنتِ عاشق حُسین
مرحومہ بلقیس بیگم بنتِ سیّد حُسین علی زیدی
مرحوم سیّد آصف علی ابنِ سیّد حامد علی زیدی
مرحوم شریف حُسین ابنِ بندے حسن
مرحومہ کنیز فاطمہ بنتِ بندے حسن
مرحومہ اکبری بیگم بنتِ بندے حسن
مرحومہ اصغری بیگم بنتِ بندے حسن
مرحومہ سردار فاطمہ بنتِ شریف حُسین
مرحوم ہادی حسن ابنِ مہدی حسن
مرحومہ کنیز زہرہ بنتِ مہدی حسن
مرحوم افتخار رضا ابنِ باقر رضا
مرحوم نادر رضا ابنِ افتخار رضا
مرحومہ فرحت سلطانہ بنتِ افتخار رضا
و کُل مرحومین و مرحومات

نوحہ

شاہ نجف دے سر تے خنجر شقی چلایا
جبرئیل وین کردا در فاطمہ تے آیا

کھولیں نہ وال زینب بابے دی زندگی وچ
قائم روے ہمیشہ ویراں دا سر تے سایا

مظلوم بنوں حسین توں اے خوش نصیب مولا
ملیا کفن وی تینوں پتراں جنازہ چایا

بابے دا زرد چہرا جدوں ویکھیا اے دھیاں
اج میں یتیم ہوئی زینب نے وین پایا

کعبہ ہے جاء ولادت مسجد دے وچ شہادت
حیدر سوا کسے وی اعزاز اے نہ پایا

ہل گئی زمین کوفہ ماتم ہے دو جہاں وچ
بابے دا زخمی سر جد زینب نے جھولی پایا

نوحہ

وین کرے کلثوم تے زینب بابے نوں گل لا کے
امبڑی وانگوں بابل سائیاں چلیا اے روہڑے پا کے
جو مسجد وچ ظلم سی ہویا ویکھ کے عرش تے رب وی رویا
کل ایمان دے سر تے ظالم ماری ضرب سی آ کے
بن ملکہ تیرے سنگ آئی کیتی اے تعظیم خدائی
اینج لگدا اے میں دوجی واری اونا اے رسیاں پا کے
تیری شکل دا ویر عباس اے ام البنین دی آخری آس اے
پیو پتراں نوں بندھے سہرے شگناں نال سجا کے
تیری موت دا جو سامان اے ایہو کربل دا عنوان اے
میں ویراں دیاں لاشاں چھڈ کے ٹرنا اے رسیاں پا کے
چھڑ پئی خونی سرخ ہنیری آئی بقیہ چوں امبڑی میری
ہائے حسنین نوں ویکھ کے رووے سر وچ مٹیاں پا کے
نا امبڑی نا کول اے نانا ویری لوک تے دیس بے گانہ
ہوندے ویر دے وارثاں وانگوں گل وچ باہنیں پا کے
آخری ویلے کر اک وعدہ بابا صدقہ ماں زہرا دا
ویکھی شام غریباں میرے رات نوں پہرے لا کے
وچ مسجد دے خون دا ڈلنا نئیں سردار کدے نئیں بھلنا
سجدے توں مصلاں قاتل نوں ٹریا اے سید جگا کے

نوحہ

کل ایماں کی شہادت سے ہے کعبہ ویراں
چھا گئی احمد مختار کے گلشن پہ خزاں

سب نے دیکھا ہے کہ اسلام پہ جب وقت پڑا
حق کی خاطر ہوئی بس آل محمد قرباں

آج پھر فاتح خیبر کو صدا دیتے ہیں
جن پہ دشوار ہوا جاتا ہے حفظ ایماں

نزع میں شاہ نے شبیر سے یہ فرمایا
امتحاں گاہ شہادت میں بچانا قرآں

باپ کا لے کے جنازہ چلے روتے حسنین
اور تھا پیش نظر رحلت مادر کا سماں

زخم حیدر سے کہاں خون کا دریا تھا رواں
بہہ رہا تھا رگ ایماں سے لہو کا طوفاں

سب کو سونپا ہے حسن کو مگر عباس تمہیں
ہو گا جو دوست مصیبت میں حرم کا نگہباں

رو کو آنسو زینب ان کو بہانا اس وقت
جب نظر آئے تمہیں بکھری لاشوں کا سماں

بے خطا مار دیا ظالموں کیوں نفس رسول
ظالموں ہل گئے ہیں ظلم سے یہ دونوں جہاں

GHAZI AUTO MALL

DEALS IN NEW AND USED CARS



715/5, Al-Madina Pride, New M.A. Jinnah Road,
Near Parda Park, (Old Shaheen Garden), Karachi
Phone: 493-5558 – 493-5559

نوحہ

بے درد مسلماں تو خوشیاں منا رہے ہیں
عرب و عجم کے مولا دنیا سے جا رہے ہیں

کچھ تو خیال کرتے داماد مصطفیٰ کا
سجدے میں جو علی پر ہائے ظلم ڈھا رہے ہیں

احمد کے بعد زہرہ اب چل پڑے علی بھی
آثار پنجتن کے ظالم مٹا رہے ہیں

بالوں کو کھولے زینب کلثوم رو رہی ہیں
گھر گھر چراغ کوفی شامی جلا رہے ہیں

برسیں گے تیر پیہم تابوت پر حسن کے
مولا یہ وقت آخر رو کر بتا رہے ہیں

نکلے ہیں آگ لے کر کچھ لوگ ثقیفہ سے
سادات کے گھروں کو اب تک جلا رہے ہیں

تو دیکھ گھر میں چلنا وہ شام کا سفر ہے
تیری قید کے زمانے نزدیک آ رہے ہیں

مولا کے جنازے پر جبرئیل رو کے بولے
سردار انبیاء کے غمخوار جا رہے ہیں

نوحہ

توقیر ہو رہی ہے اولاد مصطفیٰ کی
میت ہوئی ہے چھلنی تیروں سے مجتبیٰ کی

کسی قوم میں مذہب میں یہ ظلم روا کب ہے
افسوس مسلماں نے جسکی ہے ابتداء کی

شبر کے جنازے پر جب تیر برستے تھے
دیواریں بھی روتیں تھیں ہائے گنبد خضراء کی

کس گود کا پالا ہے سوچو تو مسلمانوں
کیوں مل کے لوٹتے ہو جاگیر فاطمہ کی

ہائے کاش مسلماں کو غیرت جو ذرا ہوتی
ٹکڑے کبھی نا ہوتی تحریر مصطفیٰ کی

ہم کرتے ہیں ماتم جو اولاد مصطفیٰ کا
سردار یہ اثر ہے زینب نے جو دعا کی

نوحہ

یہ بات رلاتی ہے رقیا کو سفر میں
کس حال میں ہیں لعل میرے کوفہ شہر میں

کہتی ہے یہ رورو کے غازی سے رقیہ
آئے نہ میرے لعل تو مر جاؤں گی بھیا
یہ زخم جدائی کے ہوئے میرے جگر میں

ہائے بچھڑے ہوں جس ماں کے دو لعل پیارے
وہ زندہ رہے کیسے یادوں کے سہارے
اس ماں کو نہ آئے گا کبھی چین قبر میں

ماں بیٹوں کو ہر عید پہ ہاتھوں سے سجا کے
دیتی ہے دعا بیٹوں کو سینے سے لگا کے
ہائے عید کے دن خاک پڑی ہے میرے سر میں

دروازے پہ دیکھا سرِ مسلم کو لٹکتے
اور غازی میرے لعل ہیں گلیوں میں بھٹکتے
اس خواب پریشاں کا نقشہ ہے نظر میں

ہر سمت کھڑی موت ہے بانہوں کو پسارے
معصوم ہیں سہمے ہوئے دریا کے کنارے
اجڑے نہ رقیہ کی طرح کوئی دہر میں

حارث کو یتیموں پہ ذرا رحم نہ آیا
اک اجڑی ہوئی ماں کو ہے راہوں میں رلایا
سر کاٹ کے تن پھینکے ہیں دریا کے بھنور میں

سردار رقیہ نے سہے کیسے یہ صدمے
عباس کی ہمشیر تو روتی ہے لحد میں
دو بیٹے مرے شام تو دو کوفہ شہر میں

نوحہ

گلشنِ آلِ پیمبر میں خزاں آنے کو ہے
حیدر و صفدر کا سایا سر سے اٹھ جانے کو ہے

آج زینب کو نظر آنے لگا بازارِ شام
فاطمہ کیا پھر کسی دربار میں جانے کو ہے

زینب و کلثوم رکھنا حوصلے اپنے بلند
آج پھر کوئی قیامت کی خبر آنے کو ہے

جب گرے گھوڑے سے غازی تو سکینہ نے کہا
در میرے اور چادرِ تطہیر چھن جانے کو ہے

ننھے ننھے بازؤں میں ڈال کر چھوٹی سی مشک
شیرِ حق عباس کی کچھ شان دکھانے کو ہے

آج کی شب روضہ ختم رسل ہل جائے گا
ابن ملجم آج کچھ ایسا غضب ڈھانے کو ہے

زینب و کلثوم کو سینے سے کر لو اب جدا
باپ کے چہرے کی رنگت اب بدل جانے کو ہے

چھا گئی ہے کیوں اداسی شبر و شبیر پہ
صاف ظاہر ہے یتیمی سر پہ چھا جانے کو ہے

کربلا والوں کی شاید تشنگی کا ہے خیال
ساقیٔ کوثر ذرا پہلے چلے جانے کو ہے

تا قیامت خوں روئے گی زمین کربلا
ظلم کی کالی گھٹا وہ سر پہ چھا جانے کو ہے

اَلْمَالُ یُقَوِّی غَیْرَ الْاَیِّدِ دولت ضعیف کو قوی کر دیتی ہے۔	اَلْیَقِیْنُ اَفْضَلُ الزِّہَادَۃِ یقین سب سے افضل زہد ہے۔
اَلْحَیَاءُ غَضُّ الطَّرْفِ حیا آنکھوں کے جھکا لینے کا نام ہے۔	اَلْقَبْرُ خَیْرٌ مِنَ الْفَقْرِ قبر غربت سے بہتر ہے۔
اَلنَّزَاہَۃُ عَیْنُ الظَّرْفِ نفاست عین ذہانت ہے۔	اَلْمِرَاءُ بَذْرُ الشَّرِّ مردم دشمنی شر کی تخم کاری ہے
اَلْبَخِیْلُ خَازِنٌ لِوَرَثَتِہٖ بخیل اپنے وارثوں کے لیے جوڑنے والا ہے۔	اَلْاِلْحَاحُ دَاعِیَۃُ الْحِرْمَانِ نالہ (زاری کرنا) محرومی کو دعوت دیتا
اَلْمُحْتَکِرُ مَحْرُوْمٌ نِعْمَتَہٗ ذخیرہ اندوزی کرنے والا خود اپنی نعمت سے محروم رہتا ہے۔	اَلْقِنْیَۃُ یَنْبُوْعُ الْاَحْزَانِ جمع کردہ پونجی غموں کا سرچشمہ ہے
اَلْبِشْرُ اَوَّلُ الْبِرِّ خندہ پیشانی نیکی کا آغاز ہے	اَلدُّنْیَا سُوْقُ الْخُسْرَانِ دنیا خسارے کا بازار ہے۔
اَلطَّلَاقَۃُ شِیْمَۃُ الْحُرِّ شگفتہ چہرہ مرد آزاد کی خصلت ہے	اَلْجَنَّۃُ دَارُ الْاَمَانِ جنت ہی دار الامان ہے۔

نوحہ

محراب تلے حیدر زخمی ہوئے پائے
کوئی یہ خبر کیسے زینبؑ کو سنائے

اک سمت نبیؐ زادی بصد یاس کھڑی ہیں
کلثومؑ نے ہاتھوں سے کمر تھام رکھی ہے
حسنینؑ ہیں بابا کا تابوت اٹھائے

کوفے میں ہے شور بپا ہونے کو سحر ہے
افسوس کہ حیدر کی جبیں خون میں تر ہے
کیسے یہ نبیؐ زادیوں کو فضہ بتائے

فضہ سے نبیؐ زادی رو رو کے پکاری
بابا کی جبیں پر ہے لگی ضربت کاری
اسلام نے کیا دن ہے زینبؑ کو دکھائے

میں کیسے گزاروں گی شب و روز ایسے بابا
یہ سوچتی ہوں جب تو پھٹتا ہے کلیجہ
بتلائے کوئی چین مجھے کس طرح آئے

اماں کی جدائی کا ابھی زخم ہے تازہ
بے جرم و خطا زخمی ہو گئے میرے بابا
کیا کیا یہ ستم مجھ پہ امت نے ہے ڈھائے

ربڑ سینٹر۔ شاہ جی

تمام گاڑیوں کے جنیئن ٹائپ ربر کے سپئر پارٹس، انجن فاؤنڈیشن،
گیئر فاؤنڈیشن، کمانی بش، ایکسل بوٹ، اسٹیرنگ بوٹ،
سپنشن بوش، سائلنسر ربر
تمام پارٹس بمطابق جنیئن پارٹس اور تمام مشینری کے ربر پارٹس
اور انڈسٹریل ربر پارٹس
سپلائی: کراچی، حیدر آباد، سکھر، لاہور، کوئٹہ، ملتان، سرگودھا،
پشاور تک سپلائی اور بیرونِ ملک بھی سپلائی کئے جاتے ہیں

کوالٹی کا نام ربر سینٹر

پروپرائٹر: پسران سیّد امجد علی شاہ (شاہ جی)
18 النور آٹو مارکیٹ، پلازہ اسکوائر کراچی-74400
فون: 7765090 - 7721430
لاہور: 042-7287720

نوحہ

زینبؑ آکھے رو رو کے نہ چھڈ کے بابل جاء
رو کلثوم رُقیہؑ آکھن نہ لے اوکھے ساہ

چھڈ چلیاں تو بابا دس جا سانوں کس دے سہارے
تک تابوت تے بابا سائیں رو وَنڑ پاک قضاء

ظالم نے حیدرؑ نوں جدو آکے ضرب سی لائی
قاتل تک کے وی سیّد نہ کیتی نماز قضاء

دین لئی مر جانڑاں اے آخری منشاء میری
پاک محمدؐ راضی ہونڑ دیسڑ خاص جزاء

بعد میرے زینبؑ نوں اُمت نے شام پھرانڑاں
اُمت دے اس ظلم نوں زینبؑ سمجھی ربّ دی رضا

سر لتھ جاوسن بھاویں شبیرؑ تو دین بچا دیں
نانے پاک محمدؐ دی تو پوری کرنی منشاء

نوحہ

حسنینؑ پہ یتیمی پردیس میں ہے آئی
مولا علیؑ کے غم میں مغموم ہے خدائی

تلوار و زہر دونوں بابا کے سر پہ باہم
بیٹوں نے یہ وراثت ایک ایک کر کے پائی

لو چل بسا یتیموں بیواؤں کا سہارا
کرتا تھا جو ہمیشہ دشمن سے بھی بھلائی

کیسا ستم ہوا ہے بعد علیؑ خدایا
اُمت ہے بیٹیوں کو بازارِ شام لائی

آغاز ہو گیا ہے کربل کا یا خدایا
سجدے میں جب شقی نے تلوار ہے چلائی

ہائے کانپ اُٹھا تھا کوفہ زینبؑ کی آہ و فغاں سے
جن و بشر ملائک دیتے ہیں سب دُہائی

نوحہ

جھٹلائی گئی فاطمہ زہرہ کی گواہی
یا احمد مختار دہائی ہے دہائی

دربار میں بلوایا گیا بنتِ نبی کو یا بنتِ نبی کو
افسوس مسلمانوں کو غیرت بھی نہ آئی

محسن کی شہادت کی ذمہ دار ہے امت
دروازہ گرا زہرا پہ اللہ رے دہائی

میت کے بندھن ٹوٹ گئے ہاتھ اٹھا کر
شبیر کو لپٹا لیا زینب کو دعا دی

سادات پہ ہائے بعد نبی کیا ظلم ہے
قبر میں بھی مسلمانوں نے بیجا نہ بنائی

کہتے ہیں سکون ملتا ہے مرنے سے لحد میں
زہرا ہے مگر قبر میں امت کی ستائی

بچے بھی دیتے بھائی بھی اور شام بھی دیکھا
نانا تیرے اسلام پہ چادر بھی لٹائی

جب اصغر معصوم کا لایا گیا لاشہ
سر پیٹتی خیمے سے سکینہ نکل آئی

شبیر ذرا دیکھو تو بے تابی اصغر
جھولے سے گرا جاتا ہے یہ ننھا سپاہی

دربار یزیدی میں اغیار کا مجمع
فضہ کو نبی زادی کی حالت نظر آئی

اَلذِّکْرُ مُجَالَسَةُ الْمَحْبُوْبِ
یاد در حقیقت، محبوب کی ہم نشینی ہے۔

اَلدِّیْنُ اَفْضَلُ مَطْلُوْبٍ
دین سب سے افضل طلب ہے۔

سورہ فاتحہ برائے ایصالِ ثواب

مرحوم رجب علی دیوجی نایانی
مرحومہ رحمت بائی بنتِ چھگن علی
مرحوم علی محمد نذر علی الوانی
مرحوم کاظم علی رجب علی نایانی
مرحومہ زہرا بانو بنتِ رجب علی نایانی
مرحوم اکبر علی حسین علی پنجوانی
مرحوم عبدلرسول علی محمد الوانی
مرحوم غلام رسول علی محمد الوانی
نیز تمام مرحوم رشتے دار
و کل مومنین و مومنات

نوحہ

سب مل کے عزادار و زہرا کی دُعا لو
شبیر کے غم کو تم سینے میں بسالو

ہمشکلِ پیمبر ہے ارمان ہے زینب کا
بھیا میرے اکبر کو دولہا تو بنالو

اک رات کے بیاہے کا پامال ہوا لاشہ
بہتے ہوئے اس خون سے مہندی کو سجالو

دیکھی نہ گئی شاہ سے بے شیر کی میت جب
عباس تم ہی آکر مولا کو سنبھالو

ہے عالمِ غربت اور سجاد نے فرمایا
پھوپھی ذرا بالوں سے چہرے کو چھپالو

پابندِ رسن زینب حیرت ہے مسلمان پر
تطہیر کی وارث ہے نظروں کو جھکالو

جلتے ہوئے خیموں سے زینب کی صدا ئی
للّٰہ امامت کو ظالم سے بچالو

روتی ہوئی زندان میں کہتی تھی سکینہ یہ
بابا میرے بابا تم سینے پہ سلالو

بتلاؤ مسلمانو خاتونِ قیامت کو ہائے کس نے ستایا ہے
کلمہ گو نہیں تھے کیا جنھوں نے کربلا میں خیموں کو جلایا ہے

تاریخ اٹھارہ تھی یہ جیٹھ مہینہ تھا
شبیر کے چہرے پہ کیا سرخ پسینہ تھا
یہ پسینہ نہیں لوگو اصغر کا لہو ہے جو حرمل نے بہایا ہے

میدانِ کربلا میں دیکھو خلیل آکر
روتے ہیں نبی سارے آنسو بہا بہا کر
مظلوم کربلا نے کڑیل جواں کا لاشہ ہاتھوں پہ اٹھایا ہے

قرآن کے حافظوں کی دیکھو یہ وفائیں ہیں
زہرا کی بیٹیوں کی ہائے لُوٹی ردائیں ہیں
تطہیر کی وارث کو دربارِ شرابی میں بے پردہ بلایا ہے

ہائے لالِ مصطفٰے کو کہتے رہے جو باغی
کائنات میں دکھادے ایسا کوئی نمازی
سجدے میں سر کٹا کے نیزے پہ چڑھ کر جس نے قرآن سنایا ہے

نوحہ جنابِ سیّدہ

ناصر اصغر

اے شاہِ انبیاء یہ مسلمان نے کیا کیا
منبر پہ فاطمہؑ کا مجرم بٹھا دیا

اُتری ہے جن کی شان میں آیات بار بار
جن کی رضا کو رد نہ کرے رب کردگار
حق مانگنے گئی وہ تو خالی لوٹا دیا ''

جس در پہ آپؐ رُکتے تھے لینے اجازتیں
آتے فرشتے عرش سے کرنے زیارتیں
اُس بے حیا نے آگ سے وہ گھر جلا دیا

جس شخص نے دی آپؐ کو ہذیان کی سوغات
جس سے مِلا نہ آپؐ کو کاغذ قلم و دوات
دربار میں بتولؑ کو اس نے رُلا دیا

ہنسنے لگا لعین جو روتے لگی بتولؑ
غاصب نے سیدہؑ کی گواہی نہ کی قبول
خود سچا بن کے بی بیؑ کو جھوٹا بنا دیا

نوحہ

زاہرہ بھرے دربار میں روتی رہی کھڑی
نہ جانے کس طرح حق مانگتی رہی

سند کے ٹکڑے ہوا میں اڑا کر ہنسنے لگا
رسولؐ زادی سے گستاخ ایسے کہنے لگا
بتاؤ کون سی جاگیر ہے تیری زہراؑ

حسنؑ حسینؑ سے سچے گواہ بھی جھٹلائے
رلا کے بی بی کو ظالم ذرا نہ شرمائے
بھلا نہ پائے امت کی بے رخی زاہرہ

یہ اسؐ کی بیٹیؑ ہے جس نے دو لخت چاند کیا
وہ جسؐ کے نور نے ہر روشنی کو ماند کیا
اسے ستاؤ نہ دکھیاری ہے بڑی زاہرہ

سیاہ بال جو ماں کے سفید تر دیکھے
تو قیر کیسے کہوں بیٹوں نے سر پیٹے
گئی تھی اسطرح گھر وہ تھکی تھکی زاہرہ

نوحہ

سبط نبی پہ کیسا یہ آخری سفر ہے
لاشہ بھی مجتبیٰ کا یارب لہو میں تر ہے

بعد نبی نہ میں نے دنیا میں چین پایا
مرنے کے بعد مجھ کو تربت میں بھی رلایا
شوہر کو تیغ ماری بیٹے کو سم پلایا
بابا ہمارے گھر پہ امت کی کیوں نظر ہے

شبیر کربلا میں جب دین کو بچانا
اکبر کی طرح فدیہ قاسم کو بھی بنانا
ممکن نہیں ہے میرا کرب و بلا میں آنا
نصرت کو تیری بھائی حاضر میرا پسر ہے

غازی سے کہہ رہے تھے شبر یہ وقت رخصت
برسائے تیر میرے لاشے پہ گریہ امت
کرنا نہ جنگ بھائی میری ہے یہ وصیت
تجھ کو قسم وفا کی تو ہاشمی قمر ہے

آل نبی کی عظمت دل سے مٹا رہے ہیں
قرآن پہ یہ قاری فطوے لگا رہے ہیں
مظلوم تیرے غم کو بدعت بتا رہے ہیں
ان کی خطا نہیں ہے یہ خون کا اثر ہے

اولاد مصطفیٰ پہ غم کی گھٹا ہے چھائی
خوشیاں نصیب میں نہ آل نبی کے آئیں
قبریں جدا جدا ہیں سادات کی بنائیں
امت تیرے ستم سے بکھرا ہوا یہ گھر ہے

لوحہ

میرے ویر دی میت تے تیراں دیاں چھاواں
کیویں کول تیرے نانا ایدی قبر بناواں

دیتا زہر لعیناں نے ہویا ٹکڑے جگر شادا
کر وین کیا فروا گھر اجڑیا زہرا دا
قاسم دیاں پھپھیاں نوں کیویں خبر سناواں

آیا تاج میرے سر توں بے رحم مسلماناں
روندا اے میرا قاسم آ ویکھ ذرا نانا
چھڈ روضہ تیرا نانا کہڑے دیس میں جاواں

چک پاک جنازے نوں شبیر ٹرے در توں
مارے تیر مسلماناں ہائے روضۂ سرور توں
کیویں ویر دا تن اطہر تیراں توں بچاواں

تک نانا تیری امت اج ظلم تے تل گئی اے
سازش او ثقیفے دی اج ویکھ لے کھل گئی اے
رکھ تیر کماناں تے مل بیٹھے نے راہواں

جنے وہلے جنازے تے ہائے تیر چلایا اے
قسمت نے تیری نانا اوداشان ودھایا اے
ایہج ظلم کدے نانا نئی کردیاں ماواں

کلثوم تے زینب دے نئی وین سنے جاندے
رو کہن جنازے تے ایہج گھر نئی کدے آندے
مرجان شالا بھیناں گر ویر توں آواں

سردار توں زہرا دے بچیاں دا ثناء خواں اے
جناں دین محمد توں جن کیتے نے قربان اے
تاریخ دے لفظاں نوں میں کیویں چھپاواں

نوحہ

اٹھا کوئی جنازہ پھر فاطمہ کے گھر سے
دنیا تڑپ رہی ہے فریاد کے اثر سے

تابوت سے لپٹ کر شبیر ایسے تڑپے
جیسے کہ آج اٹھا سایہ علی کا سر سے

کیا زہر تھا کہ چیرا یوں سینہ حسن کو
کٹ کٹ کے گر رہے ہیں ٹکڑے دل و جگر سے

بعد رسول ایسا دشمن ہوا زمانہ
زہرا کے لاڈلے کی میت پہ تیر برسے

کیا انقلاب آیا سبطِ نبی کا لاشہ
پہلو میں مصطفےٰ کے دو گز زمیں کو ترسے

قبر رسول تڑپی تھرا گیا مدینہ
آنسو لہو کے ٹپکے زہرا کے چشم تر سے

اَللَّـئِيمُ إِذَا اَعْطٰى حَقَدَ وَإِذَا
پست مرتبہ جب کچھ دیتا ہے تو دل تنگی کے ساتھ اور

اُعْطِىَ جَحَدَ
جب اس کو دیا جاتا ہے تو قبول کرتا ہے جھگڑے
کے ساتھ۔

نوحہ

پیکاں برس رہے ہیں تابوت پر حسن کے
امت مٹا رہی ہے آثار پنجتن کے

بابا کے دل کے ٹکڑے ٹوٹے گئے بہتر
ٹکڑے ہزار ہوں گے قاسم تیرے بدن کے

تابوت سے لپٹ کر قاسم پکارے بابا
آنسو اخی سے دیکھو نوحہ سنو بہن کے

آخر کی ہچکیوں میں شبّر نے رو کے چومے
شبیّر کا گلا اور بازو بڑی بہن کے

زینب پکاری بھائی دل ڈوبتا ہے میرا
اُگلو نہ دل کے ٹکڑے صدقے گئی دہن کے

زینب ہے بال کھولے امّت ہے تیر تولے
پوچھو نہ شام کی جب یہ حال ہے وطن کے

تن پر تو ہے حسن کے گو چھد گیا ہے سارا
محتاج ہی رہیں گے شبیّر تو کفن کے

سائے میں مرتضیٰ کے بچھڑے تھے فاطمہ سے
اور آج پاس ماں کے آئے ہیں لاش بن کے

بولے حسن کہ زینب یہ گھر رہے گا جل کر
بازو تمہارے ہوں گے حلقے میں اک رسن کے

بیت النبی ہائے اٹھا ہے پھر جنازہ
یثرب کی بستیوں میں جھگڑے ہیں پھر دفن کے

یثرب میں کربلا میں بغداد و سامرہ میں
افسوس پھول بکھرے زہرا تیرے چمن کے

مولا نثار اپنی شمشیر کیوں اٹھائے
جبکہ وہ جانشیں تھے پیغمبر امن کے

STUDENT EDUCATIONAL SERVICES

SES

COMPUTER LAB INSTALLATION, SCHOOL COPIES PRINTING, CANTEEN CONTRACTOR, BOOKS & GENERAL ORDER SUPPLIER

Yaseen Raza : 7225298
Abbas Ali Bhojani : 2310246

A-6, Naeemuddin Center, Garden East, Nishtar Road, Karachi.

نوحہ

نکلا تھا جنازہ جو گھر لوٹ کے آیا ہے
کس کس طرح سے آل کو امت نے ستایا ہے

ہائے زہر نے ٹکڑے کئے شبر کے جگر کے
ہائے تیروں کا بادل تو تابوت پہ چھایا ہے

ہائے فاتح خیبر کو لے آئے ہنا قیدی
ہائے بنت محمد پہ دروازہ گرایا ہے

مولا حسن کے چوم کے لب کہتے تھے احمد
ہائے ان لبوں سے جگر حسن دشت میں آیا ہے

کربلا میں میرا بھائی دے اکبر و اصغر جب
قربان کرنا قاسم فروہ کو بتایا ہے

علم کمیٹی حسینی باغ نمبر ۲
جنرل سیکریٹری
حسن علی یوسف علی جیوانی

نوحہ

تابوت حسن پر ہے کیوں تیروں کا سایہ ہائے ہائے
پہچانو مسلمانوں یہ زہرہ کا جایا ہے

لے جاؤ جنازے کو یہ کس نے کہا لوگو
احسان رسالت کا تیروں سے لوٹایا ہے

زینب کی آہ وزاری سے کہرام مچا ہر سُو
نانا کی نشانی کو کیوں زہر پلایا ہے

امت کی وفا دیکھو مظلوم کی میت پر
کچھ پھولوں کی بارش سے کفن لال بنایا ہے

قبروں سے کوئی میت کب لوٹ کر آئی ہے
یہ پہلا جنازہ ہے جو لوٹ کے آیا ہے

اَلْاَمَانِیُّ شِیْمَۃُ الْحَمْقیٰ
آرزومند رہنا احمقوں کی خصلت ہے۔

اَلْاِصْرَارُ یُوْجِبُ النَّارَ
پے درپے (لغزش) باعثِ آتش ونار ہے۔

اَلتَّانِیْ یُوْجِبُ الْاِسْتِظْهَارَ
[illegible]

نوحہ

لاشہ جب سبط پیمبر کا اٹھایا ہو گا
خلد میں چین محمد کو نہ آیا ہو گا

سر کھلے لحد سے تب فاطمہ نکلی ہونگی
زہر جعدہ نے جو شبر کو پلایا ہو گا

قبر میں حسن تو اس وقت ہی اترے ہونگے
ماں نے جب دامن تطہیر بچھایا ہو گا

دل کے سب حسن نے ارمان نکالے ہونگے
سہرا قاسم کو خیالوں میں لگایا ہو گا

داستاں حسن نے اپنی جو سنائی ہو گی
ماں نے رو رو کے کلیجے سے لگایا ہو گا

جو کہ مادر کے جنازے پہ نہ گھر سے نکلی
کیسے بیمار انہیں شام میں لایا ہو گا

AL-RAZA AUTOS

Specialist in Toyota Car & Diesel Parts

3, Tibet Center, M.A Jinnah Road, Karachi.
Telephones: 7722565 – 7724329

AL GHAZI AUTO'S

**DEALS IN AUTOMOBILE SPARES PARTS
SPECIALISTS IN AUTOMOTIVE &
INDUSTRIAL OIL SEALS**

SHOP #13, SEVEN SENS CENTER
PLAZA SQUARE, M.A. JINNAH ROAD
KARACHI

نوحہ

برسلت میں تیروں کی جنازہ ہے حسن کا
رنگ سرخ ہوگیا عزادار و کفن کا
مظلومیت میں بھائی کو ہمشیر نے دیکھا
ہائے تیروں پہ قرآن کو تفسیر نے دیکھا
زخموں سے چور چور بدن شاہِ زمن کا

ہائے مولا علمدار جو پابند نہ ہوتے
ہوتا نہ یہ ماتم یوں کبھی ہم بھی نہ روتے
غازی تو منتظر تھا میرے شاہ کے اذن کا
قانون سقیفہ ہے یہ تدبیر اسی کی
میّت پہ لگے تیر ہے تفسیر اسی کی
جس نے کیا تھا وعدہ محمد سے کفن کی

ہائے لالِ مصطفٰے کو مسلمان نے ستایا
ہائے لختِ دلِ زہرہ کو ہے زہر پلایا
کیا خوب انتظام ہے مولا کے دفن کا

نوحہ

بے گناہ مارا گیا سبط رسول دوسرا
واہ حسن سبز قبا

کلمہ گویوں نے کیا خوب کیا وعدہ وفا
واہ حسن سبز قبا

وقت رحلت تیرے نانا نے وصیت کی تھی
اس پہ تاکید یہ کی

اہلبیت اور کلام اللہ ہے بس میرے سوا
واہ حسن سبز قبا

نجف سے آئی صدا بیٹا حسن جلدی آ
تاکہ دوں تجھکو دکھا

تیر مارے تجھے چھلنی ہے کلیجہ میرا
واہ حسن سبز قبا

فاطمہ زہرہ کو یوں خلد سے آتی تھی صدا
تو ہی شاہد ہے خدا

چکیاں پیس کے پالا تھا جسے وہ نہ رہا
واہ حسن سبز قبا

تیرے تابوت پہ کس واسطے مارے گئے تیر
اے مسلمانوں کے پیر
کلمہ پڑھتے نہ تھے جد کا تیرے اہلِ جفا
واہ حسن سبز قبا
بھائی کی لاش پہ رو رو کے یہ زینب نے کہا
آرزو تھی بھیاؔ
کاش عبداللہ قاسم کو بناتے دولہا
واہ حسن سبز قبا
گر نہ چھوڑو گے انھیں ہو گے نہیں تم گمراہ
اس پہ شاید ہے خدا
اس وصیت کا مسلمانوں نے کیا حشر کیا
واہ حسن سبز قبا
شان میں آپ کی آیاتِ قرانی شاہد
اور خدائے واحد
ہائے پھر کس لئے تجھے امت نے زہر دیا
واہ حسن سبز قبا

نوحہ

برسات میں تیروں کی یہ کس کا جنازہ ہے
بتلاؤ مسلمانوں یوں کس نے نوازا ہے
ہے ماہِ صفر لوگو یہ کس کی شہادت ہے
ہے زہر ملا جسکو احمد کا نواسہ ہے
اے قلم بتا تیرے آنسو کیوں نکل آئے
قاسم کو یتیموں میں کیا تو نے بھی دیکھا ہے
اے لال کرو ماتم آنکھوں کو بند کر کے
لپٹی ہوئی میت سے ہائے فاطمہ زہرا ہے
حسنین تیرے غم میں جو آنسو بہائے گا
جائے گا وہ جنت میں زہرا کا یہ وعدہ ہے
گھر فاطمہ زہرا کا بے دینوں نے لوٹا ہے
دیکھو تو ذرا لوگو امت کا تماشا ہے

اَلْعِلْمُ مَرْكَبُ الْحِلْمِ
علم حلم (بُردباری) کی سواری ہے۔

اَلْعِلْمُ اَصْلُ كُلِّ خَيْرٍ
علم ہر بھلائی کی جڑ ہے۔

نوحہ

تیروں سے سجایا گیا تابوت حسن کا
یہ پھول بھی کملا گیا زہرا کے چمن کا

شانوں پہ بٹھاتے تھے جسے احمد مرسل
کیا حال ہوا آج اسی گل و پیرہن کا

گھر لٹ گیا زہرا کا پس مرگ پیمبر
میلا نہ ہوا تار محمد کے کفن کا

ہے لاش حسن اور برستے ہوئے پیکاں
یہ پھول ہے شعلوں میں محمد کے چمن کا

وہ زہر دیا جس سے کلیجہ ہوا ٹکڑے
کیا خوب یہ انداز ہے دنیا کے چلن کا

اخلاق کا مظہر تھا جو ایمان کا پیکر
لاشہ ہے اسی خستہ جگر شیر مل سخن کا

آواز جہاں چاروں طرف گونج رہی ہے
ماتم ہے زمانے میں شہنشاہِ زمن کا

ماں جس کی ہے خاتون جہاں باپ ہے حیدر
اعجازؔ یہ نوحہ ہے اسی پاک بدن کا

نوحہ

ہائے زہر نے حسن کو تڑپایا اِس طرح تھا
پہلی اذان کا طائر تہہِ دام جس طرح تھا

کر کے حوالے قاسمؑ شبیرؑ کے حسن نے
فروا کا ہاتھ زینبؑ کے ہاتھ میں رہا تھا

یہ سازشِ نقیقہ کی تیسری کڑی تھی
تیروں کے بادلوں میں زہرؑا کا گل بدن تھا

نہلا کے ہم نے بھیجا سفید پیرہن میں
میت کا کیا جرم تھا کیوں سرخ سبز کفن تھا

نجفی تیرے مولا کی عظمت سے تھی عداوت
ہائے لیکے حکومت بھی انہیں زہر دے دیا تھا

نوحہ

جیسے ہی گھر سے نکلا تابوت مجتبیٰ کا
